بس ان ہی مقاصد کے پیشِ نظر آپ کی خدمت میں عریضہ ہذا ارسال کرنے کا شرف پا رہا ہوں کہ آپ خط ملنے کے بعد ایک ہفتہ کے اندر اندر اپنے گرانقدر مشوروں اور مفید خیالات سے بندہ کو بذریعہ جوابی خط مطلع فرماویں اور اس کارِ خیر کی بنیاد رکھنے والوں میں آپ بھی شامل ہو کر شکریہ کا موقع دیں اور رہتی دنیا تک اس کا ثواب بھی حاصل کریں۔

بندہ کے ذہن میں ابتدائی خاکہ کچھ یوں ہے کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے کاموں کی نوعیت کو بنیادی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک شعبہ تو تعلیم و ارشاد سے متعلق ہونا چاہیئے جس میں حضرتؒ کی علمی و روحانی تصانیفِ مبارکہ شائع ہوں، ان کی زندگی پر تحقیقی کام کیا جائے اور ساتھ ہی آپ کے خلفاء و تلامذہ کے آپس میں ربط و تعلق کا انتظام ہو، جبکہ دوسرا بنیادی شعبہ اپنے علاقہ میں بالخصوص اور پورے ملک میں بالعموم ایک ایسی اصلاحی تحریک کا بپا کرنا ہے جس میں غیر شرعی امور و معاملات سے اجتناب کے ساتھ ساتھ مثبت و تعمیری انداز میں اصلاح تربیت کا کام بھی ہو اور مقامی نوعیت کے جھگڑوں میں اصلاح و ثالثی اور صلح و صفائی کو شرعی اصولوں کے مطابق رواج دیا جائے، ساتھ ہی لوگوں کو غلط قسم کے رسم و رواج کے بندھنوں سے آزاد کر کے سادگی اور قناعت سے اپنی ضروریاتِ زندگی کو پورا کرنے کا ذوق و شوق پیدا کیا جائے۔ انہی وجوہات کی بنا پر بندہ نے خصوصی احباب سے ابتدائی مشوروں کے بعد اس کا نام "تحریک علامہ افغانی" تجویز کیا ہے، آپ اس نام کے بارے میں بھی اپنی گرانقدر رائے سے ضرور مشرف فرمائیں۔

میں امید رکھتا ہوں کہ آپ باوجود اپنی مصروفیات و مشاغل کے حضرت علامہ افغانیؒ سے اپنے گہرے تعلق و محبت کی وجہ سے ضرور کچھ وقت نکال کر پہلی فرصت میں درج ذیل پتہ پر اپنے عالی قدر خیالات اور مشوروں سے نوازیں گے تاکہ اس کی روشنی میں کام آگے بڑھایا جا سکے، اور خصوصاً اغراض و مقاصد نیز نام کے بارے میں اپنی گرانقدر رائے ضرور لکھیں۔

ساتھ ہی اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ بطفیل حضرت نبیٔ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم یہ سارا کام بطریقِ احسن آگے بڑھے اور ظاہری و باطنی سعادت و خیر کا ذریعہ بنے تاکہ حضرت علامہ افغانی قدس سرہ کے علوِ درجات کا ذریعہ بھی بنے اور ہم سب کی سعادت و مسرتِ دارین کا بھی۔

والسلام مع الاکرام

محمد داؤد جان افغانی (کنوینر تحریک) ترنگزئی ضلع چارسدہ (سرحد)